# ابتدائی نصاب

## برائے حفظ

انتخاب از

## قرآن مجید، احادیث مبارکہ وادعیہ ماثورہ

شائع کردہ

**حلقہ خواتین**

**تنظیمِ اسلامی**

دارالاسلام مرکز تنظیم اسلامی، ملتان روڈ چوہنگ، لاہور 53800

فون: 79-35473375(042)

ای میل: markaz@tanzeem.org

ویب سائٹ: www.tanzeem.org

نام کتاب ............................... ابتدائی نصاب برائے حفظ
طبع اول (جولائی 2014ء) ...............................1100
طبع دوم (اگست 2015ء) ...............................2000
طبع سوم (مئی 2018ء) ...................................2200
ناشر ....................................... حلقہ خواتین تنظیم اسلامی
مقامِ اشاعت .. دارالاسلام مرکز تنظیم اسلامی ملتان روڈ چوہنگ، لاہور
مطبع ...................................... شرکت پرنٹنگ پریس لاہور

email: markaz@tanzeem.org
website: **www.tanzeem.org**

# ترتیب عنوانات

صفحہ نمبر


احادیث مبارکہ ........................................ 3
روزمرہ کی مسنون دعائیں اور اذکار .................. 7
آیات قرآنیہ ............................................... 15

# احادیث مبارکہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | إِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ (صحيح بخارى) | بے شک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے |
| 2 | اُعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهٖ شَيْئًا (صحيح مسلم) | اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ |
| 3 | اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ (صحيح بخارى) | بے شک دین آسان ہے۔ |
| 4 | اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالْاِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ (سنن ترمذى) | حیا ایمان کا حصہ ہے اور ایمان والے جنت میں جائیں گے |
| 5 | اَلْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ (سنن ترمذى) | بے حیائی، بے ایمانی میں سے ہے اور بے ایمان دوزخ میں جائیں گے |
| 6 | اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ (صحيح مسلم) | صفائی نصف ایمان ہے |
| 7 | اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ (شعب الإيمان) | نماز دین کا ستون ہے |
| 8 | اَلصَّلَاةُ نُوْرٌ (صحيح مسلم) | نماز نور ہے |
| 9 | اَقِيْمُوا الصَّلَاةَ (صحيح مسلم) | نماز قائم کرو |
| 10 | صَلُّوا خَمْسَكُمْ (مسند احمد) | پانچ نمازیں پڑھو |
| 11 | مِفْتَاحُ الصَّلَاةِ الطُّهُوْرُ (مسند احمد) | نماز کی کنجی طہارت (وضو) ہے |
| 12 | مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ (مسند احمد) | جنت کی کنجی نماز ہے |

| | | |
|---|---|---|
| 13 | مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ فَلَا دِيْنَ لَهُ (شعب الإيمان) | جس نے نماز ترک کی اس کا کوئی دین نہیں |
| 14 | اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ (صحیح بخاری) | روزہ ڈھال ہے |
| 15 | صُوْمُوا رَمَضَانَ (صحیح مسلم) | رمضان کے روزے رکھو |
| 16 | آتُوا الزَّكَاةَ (صحیح مسلم) | زکاۃ ادا کرو |
| 17 | اَيُّهَا النَّاسُ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ فَحُجُّوْا (صحیح مسلم) | اے لوگو اللہ نے تم پر حج فرض کیا ہے پس حج ادا کرو |
| 18 | اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ (صحیح مسلم) | آپس میں سلام کرنے کو رواج دو |
| 19 | اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ (سنن الترمذی) | بات کرنے سے پہلے سلام کیا کرو |
| 20 | آمُرُكَ بِالْوَالِدَيْنِ خَيْرًا (مسند احمد) | میں تمہیں والدین کے ساتھ بہترین سلوک کرنے کا حکم دیتا ہوں |
| 21 | اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ الصَّلَاةُ لِوَقْتِهَا وَبِرُّ الْوَالِدَيْنِ (صحیح مسلم) | افضل اعمال بروقت نماز پڑھنا اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنا ہے |
| 22 | اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ (البر والصلة لابن الجوزی) | جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے |
| 23 | اِلْزَمْهَا، فَاِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ رِجْلَيْهَا (سنن لنسائی) | (ماں) کے ساتھ (اس کی خدمت میں) لگے رہو کیونکہ اس کے قدموں تلے جنت ہے |
| 24 | كُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا (صحیح مسلم) | اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بھائی بن جاؤ |
| 25 | اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ (صحیح مسلم) | ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| تم پر ہر حال میں سچ بولنا لازم ہے | (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) | عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ | 26 |
| ایک دوسرے کے ساتھ حسد نہ کروق | (صحيح مسلم) | لَا تَحَاسَدُوْا | 27 |
| ایک دوسرے کے دشمنی نہ رکھو | (صحيح مسلم) | لَا تَبَاغَضُوا | 28 |
| غصہ مت کرو | (صحيح بخاری) | لَا تَغْضَبْ | 29 |
| صبر روشنی ہے | (صحيح مسلم) | اَلصَّبْرُ ضِيَاءٌ | 30 |
| صبر اللہ کی رضا پر راضی رہنا ہی ہے | (نوادر الأصول لحكيم الترمذی) | اَلصَّبْرُ رِضَاءٌ | 31 |
| ایک دوسرے کو تحفے دو اور محبت بڑھاؤ | (موطا امام مالك) | تَهَادَوْا تَحَابُّوا | 32 |
| دوسروں پر رحم کرو، تم پر رحم کیا جائے گا | (مسند احمد) | اِرْحَمُوا تُرْحَمُوا | 33 |
| مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں | (مسند أحمد) | اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ | 34 |
| اللہ اس پر رحم نہیں کرتا جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا | (صحيح بخاری) | لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ | 35 |
| تم دوسروں کو معاف کرو اللہ تمہیں معاف کرے گا | (مسند احمد) | اِغْفِرُوا يَغْفِرِ اللّٰهُ لَكُمْ | 36 |
| رحمی رشتوں کو جوڑو | (مسند احمد) | صِلُوا الْاَرْحَامَ | 37 |
| (معیارِ) عزت تقویٰ ہے | (سنن ترمذی) | اَلْكَرَمُ التَّقْوٰى | 38 |
| روٹی (کھانے) کی تعظیم کرو | (مستدرك حاكم) | اَكْرِمُوا الْخُبْزَ | 39 |

| | | |
|---|---|---|
| 40 | اَطْعِمُوا الطَّعَامَ (مسند احمد) | دوسروں کو کھانا کھلایا کرو |
| 41 | اَطْعِمُوا الْجَائِعَ (صحیح البخاری) | بھوکے کو کھانا کھلایا کرو |
| 42 | عُودُوا الْمَرِیضَ (صحیح البخاری) | مریض کی تیمارداری کیا کرو |
| 43 | عِدَّةُ الْمُؤْمِنِ دَیْنٌ (الجامع الصغیر) | مومن کا وعدہ اس پر قرض کی طرح ہوتا ہے |
| 44 | عِدَّةُ الْمُؤْمِنِ كَالْاَخْذِ بِالْیَدِ (الجامع الصغیر) | مومن کا وعدہ ایسے ہی ہے جیسے ہاتھ سے پکڑ لیا جائے |
| 45 | لِلْجَارِ حَقٌّ (الجامع الصغیر) | پڑوسی کے بھی حقوق ہوتے ہیں |
| 46 | مَنْ صَمَتَ نَجَا (سنن ترمذی) | جو خاموش رہا وہ کامیاب رہ گیا |
| 47 | طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیضَةٌ عَلَی كُلِّ مُسْلِمٍ (ابن ماجه) | علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے |
| 48 | اِقْرَءُوا الْقُرْآنَ (صحیح مسلم) | قرآنِ کریم پڑھا کرو |
| 49 | تَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ (سنن الدارمی) | قرآنِ پاک سیکھو اور دوسروں کو سکھاؤ |
| 50 | خَیْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ (صحیح بخاری) | تم میں سے بہترین لوگ وہ ہیں جو خود قرآن سیکھیں اور دوسروں کو سکھائیں |
| 51 | اَلْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَّكَ اَوْ عَلَیْكَ (صحیح مسلم) | قرآن یا تو تمہارے حق میں حجت بنے گا یا تمہارے خلاف حجت بنے گا۔ |
| 52 | بَلِّغُوا عَنِّی وَلَوْ آیَةً (صحیح البخاری) | پہنچاؤ میری طرف سے چاہے ایک آیت ہو |

| | | |
|---|---|---|
| 53 | كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ (صحيح مسلم) | ہر بدعت (دین میں ایجاد کردہ بات) گمراہی ہے |
| 54 | اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ (مستدرك حاكم) | (گناہ پر سچی) ندامت ہی (روحِ) توبہ ہے |
| 55 | كُلُّ مَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ (صحيح بخاری) | ہر اچھی بات صدقہ ہے |
| 56 | اَلْجَمَاعَةُ رَحْمَةٌ وَالْفُرْقَةُ عَذَابٌ (مسند احمد) | اجتماعیت میں رحمت اور جماعت سے کٹ کر رہنے میں عذاب ہے |
| 57 | اَعْلِنُوا النِّكَاحَ (مسند احمد) | نکاح کا اعلان کیا کرو |
| 58 | اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ (صحيح البخاری) | دین ہے ہی خیر خواہی |

# روزمرہ کی مسنون دعائیں اور اذکار

## کھانا پینا شروع کرنے سے پہلے کی دُعا

★ ﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾ (بخاری) ”شروع اللہ کے نام سے“

اگر شروع میں بھول جائیں تو درمیان میں یاد آنے پر

★ ((بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ)) (ترمذی)

”اللہ ہی کے نام سے ہے اس کھانے کا شروع بھی اور آخر بھی“

## کھانا کھالینے کے بعد کی دُعا

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ))

(ابو داؤد، ترمذی)

”کل تعریف و شکر اُس اللہ کے لیے جس نے ہمیں کھانے اور پینے کو دیا اور (اس سے

بھی بڑا اکرم یہ فرمایا کہ )ہمیں اپنے مسلم بندوں میں سے بنایا۔"

## دودھ پینے کے بعد کی دُعا

★ (( اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ )) (ترمذی)

"اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس میں سے زیادہ دے۔"

## میزبان کے لیے دعا

★ ((اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ)) (مسلم)

"اے اللہ! تو نے انہیں جو کچھ دیا ہے اس میں ان کے لیے برکت فرما اور انہیں بخش دے اور ان پر رحم کر۔"

## کھلانے پلانے والے کے لیے دعا

★ (( اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ)) (مسلم)

"اے اللہ! جو مجھے کھلائے تو اسے کھلا اور جو مجھے پلائے تو اس کو پلا۔"

## اچھا سلوک کرنے والے کے لیے دعا

★ ((جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا)) (سنن ترمذی) "اللہ آپ کو بہترین اجر دے"

## افطار کی دعائیں

★ ((ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ))

(ابو داؤد)

"پیاس بجھ گئی، رگیں تر ہو گئیں اور اجر پکا ہو گیا اگر اللہ نے چاہا تو"۔

★ ((اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلَى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ)) (ابو داؤد)

"اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے دیئے رزق سے افطار کرتا ہوں"۔

## سوتے وقت کی دُعائیں

★ ((اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰ)) (بخاری ومسلم)

''اے اللہ! میں تیرے ہی نام سے مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔''

## نیند سے بیدار ہونے پر دعا

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ))

''سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں مارنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے'' (بخاری)

## بیت الخلاء جانے کی دُعا

★ ((اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ)) (بخاری و مسلم)

''یا اللہ! میں، شریر جنوں اور شریر جنیوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔''

## بیت الخلاء سے نکلنے پر دُعا

★ ((غُفْرَانَكَ)) (ترمذی) ''اے اللہ! تیری مغفرت وبخشش طلب کرتا ہوں۔''

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ)) (سنن نَسائی)

''اس اللہ کے لیے تعریف وشکر جس نے مجھ سے گندگی دور فرمائی اور مجھے سکون بخشا۔''

## گھر سے نکلنے کی دُعا

★ ((بِسْمِ اللّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ))

(ابوداؤد، ترمذی)

''اللہ کے نام سے میں نکلتا ہوں میں نے بھروسہ کیا اللہ پر اور نہیں ہے طاقت، نقصان سے بچنے اور فائدہ کے حصول کی، مگر اللہ کی توفیق سے۔''

## سواری پر بیٹھنے کے بعد

★ (( اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ)) (ابو داؤد)

''اللہ اکبر، اللہ اکبر، اللہ اکبر، (اللہ سب سے بڑا ہے) پاک ہے اللہ جس نے اس سواری کو ہمارے قبضہ میں دے دیا اور اس کی قدرت کے بغیر ہم اسے قبضہ میں کرنے والے نہ تھے اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف جانا ہے''۔

## بلندی یا سیڑھیوں پر چڑھتے وقت

★ (( اَللّٰهُ اَكْبَرُ))(بخاری) ''اللہ سب سے بڑا ہے''

## پستی یا سیڑھیاں اترتے ہوئے

★ (( سُبْحَانَ اللّٰهِ))(بخاری) ''اللہ پاک ہے''

## گھر میں داخل ہونے کی دُعا

★ ((اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰه خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا)) (ابو داؤد)

''اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرا یہاں داخل ہونا باعثِ خیر ہو اور نکلنا بھی باعث خیر ہو۔ اللہ کا نام لے کر ہم یہاں داخل ہوئے اور اسی کا نام لے کر باہر جائیں گے اور اپنے رب پر ہی ہمارا بھروسہ ہے۔''

## آئینہ دیکھنے کی دُعا

★ (( اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ))(صحیح ابن حبان)

''اے اللہ! آپ نے جیسے میری صورت اچھی بنائی میری سیرت بھی اچھی بنادے''۔

## چھینک آنے پر دعا

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ)) (صحيح بخاری) تمام تعریف شکر اللہ کے لیے

## چھینکنے والے کو دعا

★ ((یَرْحَمُكَ اللّٰہُ)) (صحيح بخاری) ''اللہ آپ پر رحم کرے''

## چھینکنے والا جواباً یہ کہے

★ ((یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحْ بَالَکُمْ)) (صحيح بخاری)

''اللہ آپ کو ہدایت دے اور آپ کے معاملات کی اصلاح کرے''

## نقصان اور مصیبت یا گمشدگی کے وقت

★ ﴿اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ﴾ (مسلم)

''ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں،،

## خوشی کی خبر سن کر

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ)) (مستدرك حاكم)

''کل شکر اللہ کا ہے جس کی توفیق ونعمت سے اچھے امور انجام پاتے ہیں''۔

## بری خبر سن کر

★ ((اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ)) (مستدرك حاكم)

''ہر حال میں اللہ کا شکر ہے''۔

## غصہ کے وقت کی دعا

★ ((اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ)) (بخاری و مسلم)

''میں اللہ کی پناہ پکڑتا ہوں شیطان مردود کے مقابلے میں''

## عیادت کے وقت کی دعا

★ ((اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَائُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا)) ( مسلم)

''اے سب انسانوں کے پروردگار! اس بندے کی تکلیف دور فرما دے اور شفا عطا فرما دے، تو ہی شفا دینے والا ہے، ایسی شفا دے جس کے بعد کوئی بیماری نہ رہے''

## بارش کے وقت کی دعا

★ ((اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ صَيِّبًا نَافِعًا )) (سنن نَسائی)

''اے اللہ اس بارش سے پوری سیرابی کر دے اور اس کو نفع مند بنا''

## حصول علم کی دعائیں

★ ((اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا))(ابن ماجه) ''اے اللہ! مجھے علم میں بڑھا دے۔''

★ ((اَللّٰهُمَّ فَقِّهْنِي فِي الدِّيْنَ)) ''اے اللہ مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔''

(شرح الدعا للماهر المقدم ماخوذ من حديث البخاری)

★ ((اَللّٰهُمَّ عَلِّمْنِيَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ ))''اے اللہ مجھے کتاب وحکمت سکھا دے''۔ (شرح الدعا للماهر المقدم ماخوذ من حديث البخاری)

## صبح کے اذکار

★ ((سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَرِضٰى نَفْسِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ)) ( صحيح مسلم)

''اللہ کی تسبیح اور اس کی حمد اُس کی ساری مخلوقات کی تعداد کے برابر اور اس کے عرش

عظیم کے وزن کے برابر، اور اُس کی ذاتِ پاک کی رضا کے مطابق اور اس کے کلموں کی مقدار کے مطابق''

★ ((اَللّٰھُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ)) (ترمذی)

''اے اللہ! ہم نے تیرے ہی نام کے ساتھ صبح کی اور تیرے ہی نام کے ساتھ شام کی اور تیرے ہی نام کے ساتھ زندہ ہیں اور تیرے ہی نام کے ساتھ مریں گے اور تیری ہی طرف اٹھ کر جانا ہے''۔

★ (( اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا طَيِّبًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا))

(ابن ماجه) (نماز فجر کے بعد)

'' اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم اور پاکیزہ رزق اور قبول کیے گئے عمل کا سوال کرتا ہوں۔''

## صبح وشام کے اذکار

★ ((اَللّٰھُمَّ عَافِنِی فِیْ بَدَنِی اَللّٰھُمَّ عَافِنِی فِیْ سَمْعِی اَللّٰھُمَّ عَافِنِیْ فِی بَصَرِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ)) (ابو داؤد) (صبح وشام تین تین دفعہ)

''اے اللہ! میرے بدن میں عافیت دے' اے اللہ! میرے کانوں میں عافیت دے' اے اللہ! میری آنکھوں میں عافیت دے' تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔''

★ (( بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ)) ( سنن ابی داؤد) (صبح وشام تین دفعہ)

''اس اللہ کے نام سے جس کے نامِ پاک کے ساتھ زمین وآسمان میں کوئی چیز بھی ضرر نہیں پہنچا سکتی اور وہ سب سننے والا اور جاننے والا ہے۔''

★ ((رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا))

(سنن ابی داؤد) (صبح اور شام تین یا ایک دفعہ)

''میں راضی ہوں اللہ کو اپنا مالک و پروردگار مان کر اور اسلام کو اپنا دین بنا کر اور محمد ﷺ کو اپنا نبی مان کر۔''

★ ((اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ))

(سنن أبی داؤد)

''اے اللہ سلامتی اور رحمت نازل فرما محمد نبی امی ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر''۔

## شام کے اذکار

★ ((اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ)) (ترمذی)

''اے اللہ! ہم نے تیرے ہی نام کے ساتھ شام کی اور تیرے ہی نام کے ساتھ صبح کی اور تیرے ہی نام کے ساتھ زندہ ہیں اور تیرے ہی نام کے ساتھ مریں گے اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے''۔

★ (( اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ))

(ترمذی و ابن ماجه)

''پناہ لیتا ہوں میں اللہ کے کامل التاثیر کلمات کی تمام مخلوق کی شرارتوں سے''۔

★ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح و شام دس مرتبہ مجھ پر درود بھیجے گا قیامت کے روز میری شفاعت پائے گا۔(صحیح الجامع الصغیر)

☆—☆—☆

# آیاتِ قرآنیہ

## سورۃ البقرۃ (آخری رکوع)

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ | اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے |
| وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ | اور اگر تم ظاہر کرو جو تمہارے جیوں میں ہے یا چھپاؤ اُسے |
| یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ | حساب لے گا تم سے اُس کا اللہ |
| فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ | پھر بخش دے گا جسے چاہے اور عذاب دے گا جسے چاہے |
| وَاللّٰهُ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۲۸۴ | اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ |
| اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ | ایمان لائے رسول ﷺ اُس کلام پر جو نازل کیا گیا اُن کی طرف اُن کے رب کی طرف سے اور سب مومنین بھی |
| كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ | یہ سب کے سب ایمان لائے اللہ اور اُس کے فرشتوں اور اُس کی کتابوں اور اُس کے رسولوںؑ پر |
| لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ | (اُن سب نے کہا) ہم فرق نہیں کرتے کسی ایک کے درمیان بھی اللہ کے رسولوںؑ میں سے |
| وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا | اور اُنھوں کہا کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی |

| | |
|---|---|
| غُفْرَانَكَ رَبَّنَا | (ہم سوال کرتے ہیں) تیری بخشش کا اے ہمارے رب! |
| وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ | اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ |
| لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا | ذمہ داری نہیں ڈالتا اللہ کسی بھی جان پر مگر اُس کی صلاحیت کے مطابق |
| لَهَا مَا كَسَبَتْ | اُس کے لیے ہے اُس (نیک عمل) کا (اجر) جو اُس نے کیا |
| وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ | اور اُس پر ہو گا اُس (برائی) کا (وبال) جو اُس نے کی |
| رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ | اے ہمارے رب! تو پکڑ نہ کر ہماری اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر بیٹھیں |
| رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ | اے ہمارے رب! نہ ڈال ہم پر وہ بوجھ جیسا تو نے بوجھ ڈالا اُن پر جو ہم سے پہلے گزرے ہیں |
| رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ | اے ہمارے رب! اور نہ ڈال ہم پر وہ بوجھ، نہیں ہے طاقت ہم میں جس کے اٹھانے کی |
| وَاعْفُ عَنَّا | اور در گزر فرما ہم سے |
| وَاغْفِرْ لَنَا | اور بخشش فرما ہماری |
| وَارْحَمْنَا | اور رحم فرما ہم پر |
| اَنْتَ مَوْلٰىنَا | تو ہمارا مولا ہے |
| فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ | پس مدد فرما ہماری کافر قوم کے مقابلے میں۔ |

<u>مایوسی دور کرنے کا نسخہ</u>

# سورۃ الضحیٰ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| وَ الضُّحٰی ① | قسم ہے دھوپ چڑھنے کے وقت کی۔ |
| وَ الَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ② | اور رات کی جب وہ چھا جائے۔ |
| مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَ مَا قَلٰی ③ | اے نبی ﷺ! نہ چھوڑا آپ کو آپ کے ربّ نے اور نہ وہ ناراض ہوا۔ |
| وَ لَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ④ | اور یقیناً ہر آنے والی حالت بہتر ہے آپؐ کے لیے پہلی سے |
| وَ لَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ⑤ | اور عنقریب عطا فرمائے گا آپ ﷺ کو آپ کا ربّ تو آپ راضی ہو جائیں گے۔ |
| اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ⑥ | اے نبی ﷺ! کیا اللہ نے نہیں پایا آپ کو یتیم تو ٹھکانہ دیا۔ |
| وَ وَجَدَکَ ضَآلًّا فَہَدٰی ⑦ | اور اُس نے پایا آپ ﷺ کو حق تلاش کرنے والا تو ہدایت دے دی |
| وَ وَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰی ⑧ | اور اُس نے پایا آپ ﷺ کو تنگدست تو غنی کر دیا۔ |
| فَاَمَّا الۡیَتِیۡمَ فَلَا تَقۡہَرۡ ⑨ | پس اے نبیؐ! وہ جو ہے یتیم تو (اُس پر) سختی نہ کیجئے۔ |
| وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡہَرۡ ⑩ | اور وہ جو ہے سائل تو (اُسے) مت جھڑکیے۔ |
| وَ اَمَّا بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ ⑪ | اور وہ جو آپؐ کے ربّ کی نعمت ہے تو (اُسے) بیان کیجئے۔ |

نبی اکرم ﷺ کی مشکل آسان کرنے کا بیان

# سورۃ الانشراح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ ① | اے نبی ﷺ ! کیا ہم نے کھول نہیں دیا آپ کے لیے آپ کے سینے کو؟ |
| وَ وَضَعۡنَا عَنۡكَ وِزۡرَكَ ② | اور ہم نے اتار دیا آپ سے آپ کے بوجھ کو۔ |
| الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ ظَهۡرَكَ ③ | جو توڑ رہا تھا آپ ﷺ کی کمر کو۔ |
| وَ رَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ ④ | اور اے نبی ﷺ ! ہم نے بلند کیا آپ کے لیے آپ کے ذکر کو۔ |
| فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ⑤ | پس بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ |
| اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ⑥ | بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ |
| فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ⑦ | پس اے نبی ﷺ ! جب آپ فارغ ہوں تو محنت کیجئے۔ |
| وَ اِلٰی رَبِّكَ فَارۡغَبۡ ⑧ | اور اپنے ربّ کی طرف پھر راغب ہوں۔ |

انسان کی عظمت کا بیان

# سورۃ التین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| وَ التِّیۡنِ وَ الزَّیۡتُوۡنِ ① | قسم ہے انجیر اور زیتون کی۔ |
| وَ طُوۡرِ سِیۡنِیۡنَ ② | اور طورِ سینا کی۔ |
| وَ هٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِیۡنِ ③ | اور اِس امن والے شہر (مکہ) کی۔ |
| لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِیۡۤ اَحۡسَنِ | یقیناً ہم نے پیدا کیا ہے انسان کو سب سے اچھی بناوٹ |

| | |
|---|---|
| تَقْوِيْمٍ ۝٤ | میں۔ |
| ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۝٥ | پھر ہم نے لوٹا دیا اُسے پست سے پست تر حالت میں۔ |
| اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | سوائے اُن کے جو ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور اُنھوں نے عمل کیے اچھے |
| فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝٦ | تو اُن کے لیے اجر ہے نہ ختم ہونے والا۔ |
| فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝٧ | پھر کون جھٹلا سکتا ہے اے نبیؐ! آپ کو اِس کے بعد بدلہ ملنے کے بارے میں؟ |
| اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝٨ | کیا نہیں ہے اللہ سب حاکموں میں سب سے بڑا حاکم؟ |

اللہ تعالیٰ کے کرم اور غضب کا بیان

# سورۃ العلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝١ | اے نبی ﷺ! پڑھیے اپنے اُس ربّ کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ |
| خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝٢ | پیدا کیا انسان کو جمے ہوئے خون سے۔ |
| اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝٣ | پڑھیے اور آپ ﷺ کا ربّ سب سے زیادہ کرم کرنے والا ہے۔ |
| الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝٤ | جس نے سکھایا قلم کے ساتھ۔ |
| عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝٥ | اُس نے سکھایا انسان کو وہ کچھ جو وہ نہیں جانتا تھا۔ |
| كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦ | ہر گز نہیں! بے شک انسان حد سے گزر جاتا ہے۔ |

| | |
|---|---|
| اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰی ﴿۷﴾ | اِس لیے کہ وہ دیکھتا ہے خود کو کہ بے نیاز ہو گیا ہے۔ |
| اِنَّ اِلٰی رَبِّکَ الرُّجۡعٰی ﴿۸﴾ | اے نبیؐ! بے شک آپ کے ربّ کی طرف ہی لوٹنا ہے۔ |
| اَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ یَنۡهٰی ﴿۹﴾ | اے نبی ﷺ! کیا آپ نے دیکھا اُسے جو منع کرتا ہے۔ |
| عَبۡدًا اِذَا صَلّٰی ﴿۱۰﴾ | (ہمارے) بندے ﷺ کو جب وہ نماز پڑھتا ہے۔ |
| اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَانَ عَلَی الۡهُدٰۤی ﴿۱۱﴾ | کیا آپ ﷺ نے دیکھا اگر وہ ہو ہدایت پر۔ |
| اَوۡ اَمَرَ بِالتَّقۡوٰی ﴿۱۲﴾ | یا اُس نے حکم دیا ہو پرہیزگاری کا۔ |
| اَرَءَیۡتَ اِنۡ کَذَّبَ وَ تَوَلّٰی ﴿۱۳﴾ | کیا آپ نے دیکھا اگر اُس نے جھٹلایا اور رخ پھیرا۔ |
| اَلَمۡ یَعۡلَمۡ بِاَنَّ اللّٰهَ یَرٰی ﴿۱۴﴾ | کیا اُس نے نہیں جانا کہ بے شک اللہ دیکھ رہا ہے۔ |
| کَلَّا لَئِنۡ لَّمۡ یَنۡتَهِ | ہرگز نہیں! یقیناً اگر وہ باز نہ آیا |
| لَنَسۡفَعًۢا بِالنَّاصِیَةِ ﴿۱۵﴾ | ہم ضرور گھسیٹیں گے پیشانی کے بالوں سے۔ |
| نَاصِیَةٍ کَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ﴿۱۶﴾ | ایسی پیشانی جو جھوٹی، خطاکار ہے۔ |
| فَلۡیَدۡعُ نَادِیَهٗ ﴿۱۷﴾ | پس وہ بلالے اپنی مجلس والوں کو۔ |
| سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَةَ ﴿۱۸﴾ | ہم بلالیں گے جہنم کے فرشتوں کو۔ |
| کَلَّا لَا تُطِعۡهُ | ہرگز نہیں! نہ مانیے اُس کی بات |
| وَ اسۡجُدۡ | اور سجدہ کیجئے |
| وَ اقۡتَرِبۡ ﴿۱۹﴾ (سجدہ) | اور (ہمارے مزید) قریب ہو جایئے۔ |

قدر والی رات کی عظمت کا بیان

# سورۃ القدر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ① | ہم نے نازل کیا اُس (قرآن) کو قدر والی رات میں۔ |
| وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ② | اور تم کیا جانو کیا ہے قدر والی رات؟ |
| لَیْلَةُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ③ | قدر والی رات بہتر ہے ہزار مہینوں سے۔ |
| تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ | نازل ہوتے ہیں فرشتے اور روح اِس رات میں اپنے ربّ کے حکم سے |
| مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ④ | ہر فیصلہ لے کر۔ |
| سَلٰمٌ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ⑤ | سلامتی ہے وہ رات فجر کے طلوع ہونے تک۔ |

کھرے اور کھوٹے کے جدا ہونے کا بیان

# سورۃ البیّنۃ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِیْنَ مُنْفَكِّیْنَ | نہیں تھے وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا اہل کتاب میں سے اور مشرکین الگ ہونے والے |
| حَتّٰى تَاْتِیَهُمُ الْبَیِّنَةُ ① | یہاں تک کہ آئی اُن کے پاس واضح دلیل۔ |
| رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ یَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ② | یعنی ایک رسولؐ اللہ کی طرف سے جو پڑھتے ہیں پاکیزہ صحیفے۔ |

| | |
|---|---|
| فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝٣ | جن میں لکھے ہوئے پختہ احکامات ہیں۔ |
| وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ | اور جدا جدا نہیں ہوئے وہ لوگ جنھیں دی گئی تھی کتاب |
| إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝٤ | مگر اِس کے بعد کہ آ گئی تھی اُن کے پاس واضح دلیل۔ |
| وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ | اور اُنھیں حکم نہیں دیا گیا تھا مگر یہ کہ وہ عبادت کریں اللہ کی |
| مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ | خالص کرنے والے ہو کر اُس کے لیے اطاعت |
| حُنَفَاءَ | بالکل یکسو ہوتے ہوئے |
| وَيُقِيمُوا الصَّلٰوةَ | اور قائم کریں نماز |
| وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ | اور ادا کریں زکوۃ |
| وَذٰلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ ۝٥ | اور یہی ہے سیدھا دین۔ |
| إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِينَ | بے شک جن لوگوں نے کفر کیا اہل کتاب اور جو مشرکین میں سے |
| فِي نَارِ جَهَنَّمَ | جہنم کی آگ میں ہوں گے |
| خٰلِدِينَ فِيهَا | ہمیشہ رہنے والے ہیں اُس میں |
| أُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝٦ | یہ لوگ ہی مخلوق میں سے بدترین ہیں۔ |
| إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا | بے شک جو لوگ ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور اُنھوں نے عمل کیے اچھے |
| أُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝٧ | یہ لوگ ہی مخلوق میں سے بہترین ہیں۔ |

| | |
|---|---|
| جَزَآؤُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ جَنّٰتُ عَدۡنٍ | اُن کا بدلہ اُن کے ربّ کے پاس رہنے والے باغات ہیں |
| تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ | بہتی ہیں جن کے نیچے سے نہریں |
| خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَاۤ اَبَدًا | وہ رہنے والے ہیں اُن میں ہمیشہ ہمیش |
| رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ | راضی ہو گیا اللہ اُن سے |
| وَ رَضُوۡا عَنۡهُ | اور وہ راضی ہو گئے اُس سے |
| ذٰلِكَ لِمَنۡ خَشِیَ رَبَّهٗ ۸ | یہ اُس کے لیے ہے جو ڈرتا رہا اپنے ربّ سے۔ |

روزِ قیامت زمین کی کیفیت و کردار کا بیان

# سورۃ الزلزال

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۱ | جب ہلائی جائے گی زمین اپنی سخت تھر تھراہٹ سے۔ |
| وَ اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۲ | اور نکال ڈالے گی زمین اپنے تمام بوجھ۔ |
| وَ قَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۳ | اور کہے گا انسان کیا ہے اِسے؟ |
| یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۴ | اُس دن وہ بیان کرے گی اپنی خبریں۔ |
| بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰی لَهَا ۵ | اِس لیے کہ تمہارا ربّ (اِس کا) حکم دے گا اُسے۔ |
| یَوۡمَئِذٍ یَّصۡدُرُ النَّاسُ اَشۡتَاتًا | اُس دن نکلیں گے لوگ مختلف گروہ بن کر |
| لِّیُرَوۡا اَعۡمَالَهُمۡ ۶ | تاکہ اُنھیں دکھائے جائیں اُن کے اعمال |
| فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡرًا یَّرَهٗ ۷ | تو جس نے کی ذرّہ برابر نیکی وہ دیکھ لے گا اُسے۔ |
| وَ مَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ۸ | اور جس نے کی ذرّہ برابر برائی وہ دیکھ لے گا اُسے۔ |

انسان کی ناشکری کا بیان

# سورۃ العادیات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝١ | قسم ہے تیز دوڑنے والے گھوڑوں کی ہانپتے ہوئے۔ |
| فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝٢ | پھر چنگاریاں نکالنے والوں کی سم مار کر۔ |
| فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝٣ | پھر حملہ کرنے والوں کی صبح کے وقت۔ |
| فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝٤ | پھر جو اٹھاتے ہیں اُس وقت گردوغبار۔ |
| فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝٥ | پھر وہ گھس جاتے ہیں اُس وقت بڑے لشکر میں۔ |
| اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝٦ | بے شک انسان اپنے ربّ کا یقیناً بڑا ناشکرا ہے۔ |
| وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝٧ | اور بے شک وہ اِس پر یقیناً گواہ ہے۔ |
| وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝٨ | اور بے شک وہ مال کی محبت میں یقیناً بڑا پکا ہے۔ |
| اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۝٩ | تو کیا وہ نہیں جانتا جب کرید اجائے گا اُسے جو قبروں میں ہے۔ |
| وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ۝١٠ | اور ظاہر کردیا جائے گا اُسے جو سینوں میں ہے۔ |
| اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝١١ | بے شک اُن کا ربّ اُس دن اُن سے یقیناً خوب باخبر ہوگا۔ |

روزِ قیامت کی ہولناک آفت

# سورۃ القارعہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| اَلْقَارِعَةُ ۝١ | وہ کھڑ کھڑانے والی۔ |

| | |
|---|---|
| مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾ | کیا ہے وہ کھڑ کھڑانے والی ؟ |
| وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾ | اور تم کیا جانو کیا ہے وہ کھڑ کھڑانے والی؟ |
| يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ﴿٤﴾ | جس دن ہو جائیں گے لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح۔ |
| وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ﴿٥﴾ | اور ہو جائیں گے پہاڑ دھنکی ہوئی اون کی طرح۔ |
| فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿٦﴾ | پس جو وہ ہے کہ بھاری ہوئے جس کے ترازو۔ |
| فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿٧﴾ | تو وہ ہو گا خوشی کی زندگی میں۔ |
| وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿٨﴾ | اور جو وہ ہے کہ ہلکے ہوئے جس کے ترازو۔ |
| فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿٩﴾ | تو اُس کا ٹھکانہ ھاویہ ہے۔ |
| وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿١٠﴾ | اور تم کیا جانو کیا ہے وہ (ہاویہ) ؟ |
| نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾ | تیز گرم آگ ہے۔ |

کثرت کی ہوس اور اس کے انجام کا بیان

# سورة التكاثر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | |
|---|---|
| اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿١﴾ | غافل کر دیا تمہیں ایک دوسرے سے زیادہ حاصل کرنے کی حرص نے۔ |
| حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿٢﴾ | یہاں تک کہ تم نے جا دیکھیں قبریں۔ |
| كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٣﴾ | ہر گز نہیں ! جلد ہی تم جان لو گے۔ |

| | |
|---|---|
| ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤﴾ | پھر ہر گز نہیں ! جلد ہی تم جان لوگے۔ |
| كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ﴿٥﴾ | ہر گز نہیں ! کاش تم جان لیتے یقین کا جاننا۔ |
| لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ﴿٦﴾ | تم ضرور دیکھوگے جہنم کو۔ |
| ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ﴿٧﴾ | پھر تم ضرور دیکھ لوگے اُسے یقین کی آنکھ سے۔ |
| ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿٨﴾ | پھر ضرور تم سے پوچھا جائے گا اُس دن نعمتوں کے بارے میں۔ |

جہنم سے بچنے کا راستہ

# سورۃ العصر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| وَالْعَصْرِ ﴿١﴾ | قسم ہے تیزی سے گزرتے ہوئے زمانے کی۔ |
| اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ﴿٢﴾ | بے شک ہر انسان یقیناً خسارے میں ہے۔ |
| اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور اُنھوں نے عمل کیے اچھے |
| وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ | اور ایک دوسرے کو وصیت کی حق کی |
| وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿٣﴾ | اور ایک دوسرے کو وصیت کی صبر کی۔ |

مال سمیٹ سمیٹ کر رکھنے والوں کے برے انجام کا ذکر

# سورۃ الھمزہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| وَيۡلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ ١ | ہلاکت ہے ہر بہت زیادہ طعنہ دینے والے اور عیب تلاش کرنے والے کے لیے۔ |
| الَّذِىۡ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ ٢ | وہ کہ جس نے جمع کیا مال اور گن گن کر رکھا اُسے۔ |
| يَحۡسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخۡلَدَهٗ ۚ ٣ | وہ سمجھتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ باقی رکھے گا اُسے۔ |
| كَلَّا لَيُنۡۢبَذَنَّ فِى الۡحُطَمَةِ ۖ ٤ | ہر گز نہیں! وہ ضرور پھینک دیا جائے گا حُطَمہ میں۔ |
| وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا الۡحُطَمَةُ ؕ ٥ | اور تم کیا جانو کیا ہے وہ حُطَمہ؟ |
| نَارُ اللّٰهِ الۡمُوۡقَدَةُ ۙ ٦ | اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے۔ |
| الَّتِىۡ تَطَّلِعُ عَلَى الۡاَفۡـِٕدَةِ ؕ ٧ | جو جا پہنچتی ہے دلوں تک۔ |
| اِنَّهَا عَلَيۡهِمۡ مُّؤۡصَدَةٌ ۙ ٨ | بے شک وہ اُن پر (ہر طرف سے) بند کی ہوئی ہے۔ |
| فِىۡ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ٩ | لمبے لمبے ستونوں (کی مانند شعلوں) میں۔ |

ہاتھی والوں کے برے انجام کا بیان

# سورۃ الفیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

| | |
|---|---|
| اَلَمۡ تَرَ كَيۡفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِيۡلِ ١ | اے نبی ﷺ! کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ کس طرح کیا آپ کے ربّ نے ہاتھی والوں کے ساتھ؟ |
| اَلَمۡ يَجۡعَلۡ كَيۡدَهُمۡ فِىۡ تَضۡلِيۡلٍ ۙ ٢ | کیا اُس نے نہیں ڈال دیا اُن کی چال کو ناکامی میں؟ |

| | |
|---|---|
| وَّ اَرۡسَلَ عَلَیۡہِمۡ طَیۡرًا اَبَابِیۡلَ ۙ﴿۳﴾ | اور بھیجے اُن پر پرندے جھنڈ کے جھنڈ۔ |
| تَرۡمِیۡہِمۡ بِحِجَارَۃٍ مِّنۡ سِجِّیۡلٍ ۪ۙ﴿۴﴾ | جو پھینکتے تھے اُن پر کنکریاں پکی مٹی کی۔ |
| فَجَعَلَہُمۡ کَعَصۡفٍ مَّاۡکُوۡلٍ ﴿۵﴾ | تو اللہ نے کر دیا اُنھیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح۔ |

قریش پر اللہ تعالیٰ کے احسانات کا ذکر

# سورۃ القریش

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| لِاِیۡلٰفِ قُرَیۡشٍ ۙ﴿۱﴾ | (اصحابِ فیل کو ہلاک کیا گیا) امن دینے کے لیے قریش کو۔ |
| اٖلٰفِہِمۡ رِحۡلَۃَ الشِّتَآءِ وَ الصَّیۡفِ ۚ﴿۲﴾ | امن دینے کے لیے اُنھیں سردی اور گرمی کے سفر کی خاطر۔ |
| فَلۡیَعۡبُدُوۡا رَبَّ ہٰذَا الۡبَیۡتِ ۙ﴿۳﴾ | پس اُنھیں چاہیے کہ عبادت کریں اِس گھر (خانہ کعبہ) کے ربّ کی۔ |
| الَّذِیۡۤ اَطۡعَمَہُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۬ۙ | جس نے کھانا دیا اُنھیں بھوک سے (بچانے کے لیے) |
| وَّ اٰمَنَہُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ﴿۴﴾ | اور امن دیا اُنھیں خوف سے۔ |

جزا و سزا کو جھٹلانے والے پست کردار کا بیان

# سورۃ الماعون

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| اَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ یُکَذِّبُ بِالدِّیۡنِ ؕ﴿۱﴾ | اے نبی ﷺ! کیا آپ نے دیکھا اُس شخص کو جو جھٹلاتا ہے بدلہ ملنے کو۔ |
| فَذٰلِکَ الَّذِیۡ یَدُعُّ الۡیَتِیۡمَ ۙ﴿۲﴾ | تو یہی ہے جو دھکے دیتا ہے یتیم کو۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ۳ | اور نہ ہی ترغیب دیتا ہے مسکین کو کھانا کھلانے کی۔ |
| فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۴ | پس ہلاکت ہے ایسے نمازیوں کے لیے۔ |
| اَلَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۵ | جو اپنی نماز سے غافل ہیں۔ |
| اَلَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۶ | وہ جو دکھاوا کرتے ہیں۔ |
| وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۷ | اور روکتے ہیں عام استعمال کی چیز کو (کہ کسی کو دی جائے)۔ |

نبی اکرم ﷺ پر کثرتِ عنایات کا بیان

# سورة الكوثر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۱ | اے نبیؐ! بے شک ہم نے آپ کو عطا کی ہے خیرِ کثیر۔ |
| فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۲ | پس نماز پڑھیے اپنے ربّ کے لیے اور قربانی دیجیے۔ |
| اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۳ | بے شک آپؐ کا دشمن ہی بے نام ونشان ہے۔ |

کافروں سے اعلانِ براءت

# سورة الكافرون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۱ | اے نبی ﷺ فرمایئے اے کافرو! |
| لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۲ | میں عبادت نہیں کرتا اُن کی جن کی تم عبادت کرتے ہو۔ |
| وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۳ | اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو اُس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ |

| | |
|---|---|
| وَلَآ أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ﴿٤﴾ | اور نہ میں عبادت کرنے والا ہوں اُن کی جن کی تم نے عبادت کی۔ |
| وَلَآ أَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ أَعْبُدُ ﴿٥﴾ | اور نہ تم عبادت کرنے والے ہو اُس کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔ |
| لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ﴿٦﴾ | تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین ہے۔ |

نبی اکرم ﷺ کے مشن کی کامیابی کا اعلان

## سورۃ النصر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

| | |
|---|---|
| إِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ﴿١﴾ | اور جب آجائے اللہ کی مدد اور فتح۔ |
| وَرَاَيْتَ النَّاسَ | اور اے نبی ﷺ! جب آپ دیکھیں لوگوں کو |
| يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ﴿٢﴾ | وہ داخل ہو رہے ہیں اللہ کے دین میں فوج در فوج۔ |
| فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ | تو تسبیح کیجئے گا اپنے ربّ کی حمد کے ساتھ |
| وَاسْتَغْفِرْهُ | اور بخشش مانگیے گا اُس سے |
| إِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ﴿٣﴾ | بے شک وہ بہت نظرِ کرم فرمانے والا ہے۔ |

گستاخِ رسول ﷺ کے لیے شدید ترین وعید کا ذکر

## سورۃ اللھب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



| | |
|---|---|
| مَآ أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ﴿٢﴾ | نہ کام آیا اُس کے اُس کا مال اور وہ سب جو اُس نے کمایا۔ |

| | |
|---|---|
| سَیَصۡلٰی نَارًا ذَاتَ لَہَبٍ ۳ | جلد ہی وہ داخل ہوگا ایسی آگ میں جو شعلے والی ہے۔ |
| وَّ امۡرَاَتُہٗ | اور اُس کی بیوی بھی |
| حَمَّالَۃَ الۡحَطَبِ ۴ | جو بہت ہی اُٹھانے والی ہے ایندھن۔ |
| فِیۡ جِیۡدِہَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ۵ | اُس کی گردن میں رسی ہے کھجور کی چھال کی۔ |

اللہ تعالیٰ کے یکتا ہونے کا بیان

# سورۃ الاخلاص

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۱ | اے نبی ﷺ! فرمایئے وہ اللہ یکتا ہے۔ |
| اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۲ | اللہ ہی بے نیاز ہے۔ |
| لَمۡ یَلِدۡ | نہ اُس نے باپ بن کر کسی کو پیدا کیا |
| وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ ۳ | اور نہ وہ پیدا کیا گیا۔ |
| وَ لَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۴ | اور ہوا ہی نہیں اُس کے برابر کا کوئی ایک بھی۔ |

خارجی شرور سے حفاظت کے لیے دعا

# سورۃ الفلق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| | |
|---|---|
| قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۱ | اے نبی ﷺ! فرمایئے میں پناہ پکڑتا ہوں صبح کے ربّ کی۔ |



| | |
|---|---|
| وَ مِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۳ | اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ | اور اُن کے شر سے جو بہت پھونکنے والیاں ہیں گرہوں میں۔ |
| وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾ | اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ |

داخلی شرور سے حفاظت کی دعا

# سورۃ الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | |
|---|---|
| قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ | اے نبی ﷺ! فرمایئے میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے ربّ کی۔ |
| مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ | لوگوں کے بادشاہ کی۔ |
| اِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ | لوگوں کے معبود کی۔ |
| مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ | بار بار وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو ہٹ ہٹ کر آنے والا ہے۔ |
| الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ | جو وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں |
| مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿٦﴾ | جنوں اور انسانوں میں سے۔ |

★ - ★ - ★